## کولٹن اپنے رضاکاروں کے ساتھ علاقے کی صفائی کے کئی مواقع میں سے ایک پر موجود ہیں
## وہ کمیونٹی پر زور دیتے ہیں کہ وہ مل کر اپنے علاقے کو صاف رکھیں۔








# اسمبلی مین کولٹن کا کمیونٹی دفتر آپ کی خدمت میں حاضر ہے

**155 کنگز ہائی وے (ویسٹ 12 اور ویسٹ 13 اسٹریٹس کے درمیان)**
**718-236-1598 • ای میل: coltonw@nyassembly.gov**

**پیر تا بدھ ........ صبح 10 تا شام 4 بجے**
**جمعرات ........ نصف النہار تا رات 8 بجے**
**جمعہ ........ صبح 10 تا نصف النہار**

**ہم درج ذیل کے متعلق آپ کی مدد کریں گے:** چھوٹے کاروباروں کے خدشات + رہائش کے مسائل + STAR/E-STAR + SCRIE / DRIE + HEAP + ہارٹ شیئر + فوڈ اسٹیمپس + صحت کا بیمہ + ریاست/شہری کی ایجنسیوں کے مسائل + معیار زندگی کے مسائل، ٹریفک کے حفاظتی اقدامات، جیسے ٹریفک لائٹس، اسپیڈ بریکر، گڑھے اور خطرناک کیفیات ٹھیک کروانا اور بہت کچھ


Community Office, 155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223


اسمبلی مین

# ولیم کولٹن



کولٹن ہمارے معیار زندگی کے لئے جنگ کر رہے ہیں

موسم سرما 2021

---

براہ کرم درج ذیل کو بھر کر **اسمبلی مین کولٹن کو 155 KINGS HIGHWAY BROOKLYN, NY 11223 پر ارسال کریں**۔
براہ کرم درج ذیل مسائل کے متعلق اپنے تحفظات کا اظہار کریں:

**براہ کرم ایک یا تمام خانوں پر نشان لگائیں**

[ ] میں 2147 بیتھ ایوینیو یا 137 کنگز ہائی وے پر بے گھر افراد کا شیلٹر کھولنے کی سختی سے مخالفت کرتا/کرتی ہوں کیوں کہ اس سے بے گھر افراد کی مدد نہیں ہو گی اور علاقے کا معیار زندگی متاثر ہو گا۔

[ ] میرا مکمل یقین ہے کہ 12 سال سے زائد عمر کے افراد کو فٹ پاتھ پر بائی سائیکل چلانے اور تمام افراد کو فٹ پاتھ پر موپیڈز چلانے سے روکنے کے اقدامات کیے جائیں اور سزاؤں کا اطلاق کیا جائے۔

[ ] میرا مکمل یقین ہے کہ شہر کی حکومت کو کناروں کے کیچ بیسنز کی صفائی کو ترجیح دینی چاہیے اور گٹر کے خراب پائپوں کے تبدیل کرنا چاہیے جن کے باعث علاقے میں سیلاب آتا ہے۔

نام ____________________ ٹیلیفون ____________________

پتہ ____________________ اپارٹمنٹ __________ زپ __________

ای میل ____________________

## کولٹن خاندانوں میں خوراک کی مقامی تقسیم میں شرکت کر رہے ہیں




## کولٹن سینٹ فن بار کی برسی منا رہے ہیں: بینسن ہرسٹ کے قدیم ترین کیتھولک پارش



## کولٹن نے اپنے سپراسٹار عملے، دوستوں اور رضاکاروں کے ساتھ فائیو کی بروکلن اٹھارہویں ایوینیو پریڈ میں مارچ کرتے ہوئے کولمبس ڈے منایا۔






## کولٹن نے علاقے میں تہوار کے دوران ٹافیاں لینے والے بچوں کے لئے ہیلیوین پر مفت ٹافیاں دینے کا انتظام کیا۔







*اسمبلی مین کولٹن نے بیتھ بیچ بینسن ہرسٹ گریوسینڈ کمیونٹی اتحاد اور چینی امریکی سماجی خدمات کے مرکز کے ساتھ شراکت داری کی اور تین مقامات پر اشیاء کے 750 سے زائد انفرادی تھیلے پیش کیے۔ اپنے شاندار عملے اور رضاکاروں کے ساتھ ان تینوں مقامات پر جانا اور چیز لینے کے لئے آنے والے بچوں کو چیزوں کے تھیلے دینا خوش کن اور مزے دار تجربہ تھا۔*

# اسمبلی مین کولٹن 2147 بیتھ ایوینیو پر بےگھر افراد کے شیلٹر کے خلاف سخت جنگ جاری رکھتے ہوئے کمیونٹی کو 137 کنگز ہائی وے پر بےگھر افراد کے دوسرے مجوزہ شیلٹر سے آگاہ کر رہے ہیں

اسمبلی مین کولٹن نے تقریباً 8 ماہ قبل پہلی مرتبہ علاقے کو 2147 بیتھ ایوینیو پر بےگھر افراد کا شیلٹر بنانے کے شہر کے منصوبے سے آگاہ کیا اور تب سے انہوں نے اس منصوبے کو روکنے کی سخت کوشش میں کمیونٹی کے سربراہان اور تنظیموں کو متحرک کیا ہے۔

اب اسمبلی مین کولٹن کمیونٹی کو ایک دوسرے خطرے سے آگاہ کر رہے ہیں، جو کہ شہر کی جانب سے 137 کنگز ہائی وے پر بےگھر افراد کے شیلٹر کی تعمیر ہے۔

اسمبلی مین کولٹن بےگھر افراد کی مدد کرنے کے حامی ہیں، تاہم ٹیکس ادا کرنے والوں کے خرچے پر بےگھر افراد کے لئے مزید عارضی شیلٹر بنانا کوئی حل نہیں ہے۔ شہر کی جانب سے رہائشیوں کو اطلاع نہیں دی جا رہی، شہر نے اپنے پہلے مجوزہ شیلٹر کے متعلق زیادہ تفصیلات مہیا نہیں کیں، ماسوائے یہ کہ اس میں 150 چھڑے مردوں کو رکھا جائے گا۔ نہ صرف بےگھر خاندانوں بلکہ بزرگ افراد کے لئے بھی اصل حل سستی رہائش ہے۔

137 کنگز ہائے وے پر دوسرے مجوزہ شیلٹر کے بارے میں مزید کم معلومات موجود ہیں، یہ ایسے مقام پر ہے جو کبھی گاڑیوں کی مرمت کا کاروبار اور ڈرائی کلینگ کی خدمات انجام دینے والی کپڑوں کی دھلائی کی دکان ہوتی تھی۔

اسمبلی مین کولٹن نے ہمیشہ اس علاقے کی پوری طرح وکالت کی ہے اور 2147 بیتھ ایوینیو پر پہلا مجوزہ شیلٹر شہر کی زوننگ کی خلاف ورزی کرتا ہے اور اسے کئی اسکولوں، ڈے کیئر پروگرامز اور پارکس کے نزدیک موجود رہائشی علاقے میں تجویز کیا جا رہا ہے۔ دوسرے مقام پر ماحولیاتی تحفظات ابھرتے ہیں اور یہ 4 اسکولوں اور کئی رہائشی عمارات، ایک پارک، ایک عوامی لائبریری اور ایک بالغ افراد کی معاونت کے ساتھ رہائش کے ادارے کے نزدیک ہے۔

کمیونٹی کو یہ جاننے کا حق حاصل ہے کہ آیا یہ مجوزہ بےگھر افراد کے شیلٹر تعمیراتی، ماحولیاتی اور علاقہ جاتی ضوابط کی پیروی کریں گے اور کیا مخصوص خدمات پیش کی جائیں گی۔ اسمبلی مین کولٹن نے واضح کیا ہے کہ وہ ان دونوں تجاویز کے متعلق تمام تحفظات اور مسائل سامنے لائیں گے تاکہ کمیونٹی آگاہ رہے اور وہ علاقے کے معیار زندگی کو خطرے میں ڈالنے والے ہر شے کے خلاف کمیونٹی کو متحد اور متحرک کریں گے۔




## منعقد کردہ کمیونٹی میٹنگز اور احتجاج

مجوزہ شیلٹر کے متعلق آگاہی پیدا کرنے اور کاروائی کرنے کے لئے اسمبلی مین کولٹن نے کئی احتجاجوں اور میٹنگز کا انتظام کیا۔ اس شیلٹر کو خبروں کے کئی ذرائع سے میڈیا کوریج ملی ہے۔ ان کی شہریوں سے پرزور درخواست ہے کہ وہ ان بلا سوچے سمجھے بنائے گئے منصوبوں کے خلاف متحد جنگ کے لئے میئر کے دفتر، شعبہ برائے تعمیرات اور شعبہ برائے بےگھروں کی خدمات کو ای میلز بھیجیں، فون کالیں کریں اور خطوط ارسال کریں۔

اسمبلی مین کولٹن کے دفتر کا تقاضا ہے کہ NYC میئر اور محکمہ برائے بے گھروں کی خدمات اپنی تجاویز واپس لیں۔ کمیونٹی ہر اس منصوبے کے خلاف مل کر جنگ کرتی رہے گی جو اس کے معیار زندگی کو خطرے میں ڈالے۔

2147 بیتھ ایوینیو اور/یا 137 کنگز ہائی وے پر ان مجوزہ بےگھر افراد کے شیلٹرز کے خلاف آئندہ ریلیوں یا میٹنگز کی حمایت کے اظہار کے طریقے کے متعلق مزید معلومات کے حصول کے لئے براہ کرم اس بروشر کا نچلا حصہ کاٹ کر 155 کنگز ہائی وے، بروکلن NY 11223 پر میرے دفتر کو ارسال کریں۔

## فٹ پاتھوں پر موٹرائزڈ بائیکوں سے پیدل چلنے والوں کو خطرہ

کئی رہائشیوں نے فٹ پاتھوں پر ای بائیک چلائے جانے اور حتی کہ موپیڈز سے بھی خطرہ محسوس کیا ہے۔ یہ فٹ پاتھ پر چلنے والوں کے تحفظ کو لاحق سنگین خطرہ ہے، جن میں بزرگ افراد اور چھوٹے بچے شامل ہوتے ہیں۔ NYC کے ضابطوں کے تحت 12 سال سے زائد عمر کے کسی شخص کو فٹ پاتھ پر بائیک چلانے کی اجازت نہیں۔ اس میں بائیک اور موپیڈز کو فٹ پاتھ پر چلانے کی پوری طرح ممانعت کی گئی ہے۔

پھر بھی اکثر ان اصولوں کو نظر انداز کیا جاتا ہے اور فٹ پاتھوں پر موپیڈز اور 12 سال سے زائد عمر کے افراد کے بائیک چلانے کی شکایات کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے۔

اسمبلی مین اس بڑھتے ہوئے مسئلے کو سامنے لانے کا ارادہ رکھتے ہیں اور ان کا تقاضا ہے کہ عوام کو لاحق ان خطرات کو قابو میں لانے کے لئے قوانین پاس کیے جائیں۔



## میرا کمیونٹی دفتر آپ کی مدد اور خدمت کے لئے موجود ہے


آپ اسمبلی مین کولٹن کے کمیونٹی کے دفتر کو سیلاب زدہ یا کچرے سے بند کیچ بیسنز والی تمام اسٹریٹس کی اطلاع دے کر مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

آفس آپ کو رہائشیوں کے لئے بازادائیگی کے دعوے یا علاقے کے کاروباروں کے لئے کم قیمت قرض کی درخواستیں دائر کرنے کے متعلق بھی مشورہ دے سکتا ہے۔

اسمبلی مین کو معلوم ہوا ہے کہ کچھ بیمہ کمپنیاں سیور کے بیک اپ کے دعوے رد کر رہی ہیں، جن کے لئے پالیسی ہولڈرز نے زیادہ پریمیم ادا کیا تھا، کیوں کہ وہ دعوے ایڈا طوفان کے دوران پیش آئے۔ بیمہ کاروں کی جانب سے ایسا لالچی رویہ مشکلات کا شکار مالک مکانوں پر مزید بوجھ کا باعث بنتا ہے اور اسے برداشت نہیں کیا جانا چاہیے۔ اسمبلی مین اس مسئلے کا جائزہ لے کر تعین کر رہے ہیں کہ حفاظتی قانون کی ضرورت ہے یا نہیں۔

اس دوران جس مالک مکان کے سیور بیک اپ کے دعوے مسترد کیے جائیں، اسے چاہیے کہ 155 کنگز ہائی وے پر اسمبلی مین کے دفتر سے رابطہ کرے۔

موسم سرما 2021



# اسمبلی مین
# ولیم کولٹن

**کولٹن ہمارے معیار زندگی کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں**

## اسمبلی مین کولٹن:
## معیاری تعلیم کے سرگرم وکیل

*اسمبلی مین کولٹن ہمارے بچوں کی معیاری تعلیم کے لئے کوشش کا طویل ریکارڈ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کئی سال کوشش کی ہے، جو اس سال ریاست کے بجٹ سے زیادہ ضروریات کے حامل ڈسٹرکٹس، جیسے NYC سے غیر منصفانہ طور پر روک لی گئی رقوم واپس ادا کروانے میں کامیاب رہی۔*



### کولٹن قابل اور باصلاحیت (GIFTED AND TALENTED) پروگرامز کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں

کولٹن گزشتہ 4 سال میں خصوصی ہائی اسکولز ایڈمیشن ٹیسٹ (SHSAT) کے خاتمے کی کوششوں کا مقابلہ کرنے میں کامیاب رہے، جس سے NYC کے خصوصی ہائی اسکولز میں اعلی تعلیمی معیار برقرار رہا۔ کولٹن نے محکمۂ تعلیم سے ہر اسکول ڈسٹرکٹ میں قابل اور باصلاحیت پروگرام پھیلانے کا تقاضا کرنے کا قانون متعارف کروایا۔

### کولٹن کا مطالبہ ہے کہ تمام بچوں کی انفرادی ضروریات پوری کی جائیں

اسمبلی مین کولٹن کا مطالبہ ہے کہ محکمۂ تعلیم تمام انفرادی طلبہ کی ضروریات پوری کرنے والے معیاری پروگرام تشکیل دے۔ خصوصی تعلیم کے طلبہ کے لئے ضروری ہے کہ DOE ان کے انفرادی تعلیمی منصوبوں (IEP) کا نفاذ شروع کرے؛ کم کارکردگی دکھانے والے بچوں کے لئے اعلی معیار کے اصلاحی پروگرام مہیا کیے جائیں؛ اور فنون لطیفہ کی صلاحیتیں رکھنے والے بچوں کے لئے موسیقی اور آرٹس کے اعلی معیار کے پروگرام موجود ہونے چاہئیں، وغیرہ۔




*اسمبلی مین کولٹن علاقے کی کمیونٹی کے پولیس افسران اور C.A.S.S کے ڈاکٹر لاء اور اینجل وو کے ساتھ علاقے کے تاجروں سے ملاقات کر رہے ہیں۔*

### اسمبلی مین کولٹن نے موٹر گاڑیوں کے ضرورت سے زیادہ تیز شور کی آلودگی کو روکنے کے بل کو مشترکہ طور پر اسپانسر کیا۔

اسمبلی مین کولٹن نے ریاستی آئین کو دونوں ایوانوں کے ساتھ بل A471 پاس کیا، جسے اسمبلی میں رکن اسمبلی میگناریلی نے اسپانسر کیا اور اسمبلی مین کولٹن نے مشترکہ طور پر اسپانسر کیا، اور گورنر کیتھی ہوچل نے اس پر دستخط کر کے اسے قانون کی شکل دی۔ یہ بل ایسے موٹر گاڑیاں چلانے والوں اور مرمت کی دکانوں کے خلاف قانون کے نفاذ میں اضافہ کرتا ہے جو غیر قانونی طور پر موٹر گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی آواز گھٹانے اور دھوئیں کے اخراج کے نظام میں ترمیم کر کے ان کی آواز ضرورت سے زیادہ اونچی کر دیتے ہیں۔

